Tarjuma Tul Quran Majeed - FA Part 2 Tarjmatul Quran Chapter 10 Short Questions Test

Q1. سورت ال عمران میں کتنی آیات ہیں-

Ans 1: سورت آل عمران میں کل دو سو آیات ہیں

Q2. سورہ ال عمران قرآن مجید کی ترتیب کے لحاظ سے کون سی سورت ہے.

Ans 1: سورہ ال عمران قرآن مجید کی ترتیب کے اعتبار سے تیسری سورت ہے.

Q3. سورۃ التوبہ کے دو نام تحریر کریں-

Ans 1: مفکرین نے اس سورت کے مختلف نام زکر کیہے ہیں لیکن زیادہ مشہور نام ہیں- سورۃ التوبہ اور سورۃ البراءۃ ہے.

Q4. سورۃ الانفال کے دو علمی اور عملی نکات تحریر کریں-

Ans 1: 1- اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کو یاد کرنے سے شکر کا جذبہ پیدا ہوتاہے. 2- دین اسلام میں جہاد کا اہم مقصد فتنے کا خاتمہ اور اللہ تعالی کی زمین پر اس کے دین کا غلبہ ہے.

Q5. لفظ کے معنی تحریر کریں- الحی - سنۃ - بین ایدیھم - لایحیطون - الربوا- و ان تبدوا- کل

Ans 1: الحی - زندہ - سنتہ - اونگھ - بین ایدیھم- ان کے سامنے - لایحیطون- وہ احاطہ نہیں کرسکتے- الربوا- سود و ان تبدوا- اور اگر تم ظاہر کرو- کل - سب کے سب

Q6. سورۃ التوبہ کو سورۃ البراءۃ کیوں کہا جاتاہے.

Ans 1: سورۃ البرءۃ اس لیے کہا جاتا ہے کہ براءت کےمعنی کسی سے بری، بے زار، قطع تعلق اور دست بردار ہونا ہے. اس سورت کے شروع ہی میں اللہ تعالیٰ نے مشرکین سے بری الزمہ ہونے کا اعلان کرتے ہوئے فرمایا کہ اللہ تعالی اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم خاتم انبین مشرکین سے بے نیاز اور قطع تعلق ہیں-

---

Q7. الفاظ کے معنی تحریر کریں- رضی- ابدا- ما عنتم- فان تولوا- خفافا- اولیاء

Ans 1: رضی - راضی ہوا- ابدا- ہمیشہ- ماعنتم- تمہارا مشقت میں پڑنا فان تولوا- پھر اگر وہ منہ موڑ لیں- خفافا- ہلکا- اولیاء- دوست

Q8. سورۃ التوبہ میں کل کتنی آیات ہیں

Ans 1: سورۃ التوبہ میں کل ایک سو انتیس آیات ہیں

Q9. سورۃ الانفال میں کتنی آیات ہیں

Ans 1: سورۃ الانفال میں کل پچھتر آیات ہیں

Q10. سورۃ التوبہ میں مسجد کی نگرانی کے لیے کس چیز کو لازمی قرار دیا گیا ہے.

Ans 1: مسجد کی تعمیر اور نگرانی کے لیے ایمان کامل کو لازمی قرار دیا گیا ہے.
